سیدنا حضرت خلیفۃ المسیح الخامس ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز کا 114 ویں جلسہ سالانہ قادیان کے موقع پر افتتاحی خطاب

اللہ کی رضا حاصل کرنے کیلئے تمہارا متقی ہونا ہی اصل چیز ہے

اپنے ایمان کی فصلوں اور باغوں کی جڑوں کو مضبوط کرنے کیلئے ان کو ثمر دار بنانے کیلئے تقویٰ پر چلنا ہو گا

ہر احمدی کا فرض ہے تقویٰ دلوں میں قائم کرتے ہوئے محبت پیار اور بھائی چارے کی فضا قائم کرے

آج وصیت کے نظام کو 100 سال پورے ہونے کے علاوہ قمری سال کے لحاظ سے خلافت احمدیہ کو بھی 100 سال پورے ہو رہے ہیں

(خطاب کا یہ خلاصہ ادارہ الفضل اپنی ذمہ داری پر شائع کر رہا ہے)

114 ویں جلسہ سالانہ قادیان کے تاریخی موقع پر سیدنا حضرت خلیفۃ المسیح الخامس ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز نے مورخہ 26 دسمبر 2005ء کو افتتاحی خطاب فرمایا۔ جس میں حضور انور نے تقویٰ کے تقاضے اور ان کی حفاظت کے طریق بیان فرمائے۔ یہ خطاب احمدیہ ٹیلی ویژن نے قادیان سے Live ٹیلی کاسٹ کیا اور انگریزی، عربی، فرنچ اور بنگلہ زبانوں میں رواں ترجمہ بھی نشر کیا۔

حضور انور نے خطاب کے آغاز میں سورۃ الحجرات کی آیت 14 تلاوت کی اور فرمایا آج اللہ تعالیٰ کے فضل سے قادیان کے 114 ویں جلسہ سالانہ کا آغاز ہو رہا ہے۔ اللہ تعالیٰ اس جلسے کو ہر لحاظ سے بابرکت فرمائے اور سب شامل ہونے والوں کو اس مقصد کا حاصل کرنے والا بنائے جس کیلئے حضرت مسیح موعود نے اس جلسے کا آغاز فرمایا تھا۔ اور تمام شاملین کو ان تمام دعاؤں کا وارث بنائے جو حضرت مسیح موعود نے اس جلسے میں شامل ہونے والوں کیلئے کی ہیں۔ گزشتہ دو خطبوں میں میں اس طرف توجہ دلاتا رہا ہوں وہ مقصد ایسا ہے جس کی طرف بار بار توجہ دلانی ضروری ہے۔ اور اس مقصد کو حاصل کرنے میں ہی ہماری بچت ہے، زندگی اور بقا ہے اور یہی ایسی بنیادی چیز ہے کہ جس کو اگر ہم نے حاصل کر لیا تو دنیا و آخرت میں ہم کامیاب ہو گئے اور یہ مقصد تقویٰ کا حصول ہے۔

حضور انور نے فرمایا اگر اللہ تعالیٰ کی نعمتوں کا وارث بننا ہے، اللہ تعالیٰ کے فضلوں کو سمیٹنا ہے، اللہ تعالیٰ کی رضا کے پھل کھانے ہیں، اپنے ایمان کو مضبوط کرنا ہے تو اس جڑ کی حفاظت کرنی ہو گی۔ اس کی نشوونما کیلئے تمام ضروری لوازمات پورے کرنے ہوں گے۔ اس کو کھاد کی بھی ضرورت ہے اس کو پانی کی بھی ضرورت ہے۔ یہ کھادیں اور خوراک اللہ تعالیٰ کے وہ تمام احکامات ہیں جن پر عمل کرنا ضروری ہے۔ اس کی آبیاری اللہ تعالیٰ کا خوف دل میں رکھتے ہوئے، اس کے حضور جھکتے ہوئے آنکھوں سے نکلے ہوئے آنسو ہیں۔

حضور انور نے حضرت مسیح موعود کا اقتباس پیش فرمایا جس میں آپ نے تقویٰ کی نصیحت فرمائی ہے۔ حضور انور نے فرمایا اللہ تعالیٰ کے فضلوں کو جذب کرنے کے لئے اللہ تعالیٰ کے حکم کے مطابق تقویٰ پر چلنا اور نیکیاں بجا لانا ضروری ہے۔ اسی لئے اللہ تعالیٰ نے بے شمار دفعہ قرآن کریم میں تقویٰ پر چلنے کی ہدایت فرمائی ہے پس اپنے ایمان کی فصلوں اور باغوں کی جڑوں کو مضبوط کرنے کیلئے اور ان کو ثمر دار بنانے کیلئے تقویٰ پر ہی چلنا ہو گا۔ اللہ تعالیٰ کا خوف دل میں پیدا کرنا ہو گا۔ تمام نیکیاں اختیار کرنے کی کوشش کرنی ہو گی اور تمام برائیوں کو بے زار ہو کر ترک کرنا ہو گا کیونکہ اس کے بغیر نہ آباؤ اجداد کی بزرگی کام آئے گی، نہ کوئی خاندان کام آئے گا، نہ کوئی قبیلہ کام آئے گا اور نہ کسی ملک کا باشندہ ہونا کام آئے گا۔ حضور انور نے برصغیر میں ذات پات اور برادری کے پائے جانے اور اس سے بچنے کی تلقین کی اور فرمایا یہ آیت جو میں نے تلاوت کی ہے اس میں اللہ تعالیٰ نے اس طرف توجہ دلائی ہے کہ لوگو! یقیناً ہم نے تمہیں نر اور مادہ سے پیدا کیا اور تمہیں قوموں اور قبیلوں میں تقسیم کیا تا کہ تم ایک دوسرے کو پہچان سکو بلکہ بلا شبہ اللہ کے نزدیک تم میں سب سے زیادہ معزز وہ ہے جو سب سے زیادہ متقی ہے۔ فرمایا تو اصل چیز اس میں بیان ہوئی ہے وہ یہ ہے کہ اللہ کا تقویٰ اختیار کرو۔ اللہ کا قرب پانے کیلئے اللہ کی رضا حاصل کرنے کیلئے تمہارا متقی ہونا ہی اصل چیز ہے۔ تمہارا معزز ہونا تمہارے قبیلے کے لحاظ سے نہیں ہو گا۔ یہ خاندان، یہ برادریاں، یہ قبیلے ایک پہچان تو ہیں، کم ذات کا یا اچھی ذات کا ہونا کوئی معیار نہیں ہیں۔ بڑائی اسی میں ہے کہ اللہ کا تقویٰ اختیار کرو۔

فرمایا آپ کی پہچان یہی ہے کہ احمدی ہیں اور اللہ تعالیٰ کا تقویٰ دل میں پیدا کرنے کی کوشش کرنے والے ہیں۔ پس ہر احمدی کو یہ چاہئے کہ اللہ تعالیٰ کے حکموں کو بجا لائے، اللہ تعالیٰ کی مخلوق سے نیکیاں کرے۔ بلا تفریق مذہب ایک دوسرے کے کام آئیں تبھی اللہ تعالیٰ کے نزدیک معزز ٹھہریں گے۔ اور جو اللہ تعالیٰ کے نزدیک معزز ٹھہرتا ہے وہی ہے جو دنیا اور آخرت کے انعامات کا وارث ہوتا ہے۔

آج ہر احمدی کا فرض ہے کہ حضرت مسیح موعود کی بیعت میں آنے کے بعد اس عظیم مقصد کو حاصل کرنے کیلئے ہر ممکن کوشش کرے اور تقویٰ دلوں میں قائم کرتے ہوئے نیکیاں بجا لاتے ہوئے محبت، پیار اور بھائی چارے کی فضا قائم کرے۔ ہمیں یہ موقع میسر آیا ہے، ہمیں یہ تین دن اس بستی میں ملے ہیں اس لئے ہمیں چاہئے اس سے بھرپور فائدہ اٹھائیں، اللہ تعالیٰ کے حضور جھکتے ہوئے دعائیں کرتے ہوئے، اپنے دل میں تقویٰ پیدا کرنے کی کوشش کریں، اللہ تعالیٰ سے دعائیں کریں، اس سے تقویٰ مانگیں، نیکیاں بجا لانے کی طرف توجہ کریں اور اللہ تعالیٰ سے مدد مانگتے ہوئے ان پر قائم رہنے کی اور اپنی زندگیوں کا حصہ بنانے کی کوشش بھی کریں، تا کہ ہمارا شمار ہمیشہ اتقیاء کی جماعت میں ہو اور کبھی ہلاک ہونے والوں میں نہ ہوں۔ ہمیشہ اللہ تعالیٰ کی محبت حاصل کرنے والے ہوں، نفس کی خواہشات ہمیں اللہ تعالیٰ سے دور لے جانے والی نہ ہوں۔

حضور انور نے تکبر کے نقصانات اور اس سے بچنے کی تلقین فرمائی۔ اس سلسلہ میں حضرت مسیح موعود کا ارشاد بھی پیش فرمایا:۔

حضور انور نے وصیت اور بہشتی مقبرہ کے حوالے سے حضرت مسیح موعود کے ارشادات اور دعائیں پیش فرمائیں۔ حضور انور نے فرمایا گزشتہ سال جلسہ سالانہ یو۔کے کے موقع پر میں نے یہ تحریک کی تھی کہ اس بابرکت تحریک (وصیت) میں حصہ لیں اور اس پاک نظام میں اپنی اور اپنی نسلوں کی زندگی پاک کرنے کیلئے شامل ہوں اور حضرت مسیح موعود کی دعاؤں کے وارث بنیں۔ میں نے اس خواہش کا اظہار بھی کیا تھا کہ سو سال پورے ہونے پر کم از کم 50 ہزار موصیان ہو جائیں یعنی 15 ہزار اور شامل ہوں، اللہ تعالیٰ کے فضل سے آج سو سال پورے ہونے پر تقریباً ساڑھے 17 ہزار درخواستیں پہنچی ہیں اور ابھی بہت سے وصیت فارمز جماعتوں میں پڑے ہوئے ہیں۔ جماعت نے اس تحریک پر لبیک کہتے ہوئے توجہ دی، اب اگلا ٹارگٹ کل چندہ دہندگان کا 50 فیصد موصی بنانے کا ہے یہ اللہ تعالیٰ کا فضل اور احسان ہے کہ آج سے 100 سال پہلے جس نظام کا حضرت مسیح موعود نے اعلان اس شہر میں فرمایا تھا آج اللہ تعالیٰ کے فضل سے اس شہر سے میں آپ کو اگلے ٹارگٹ کی طرف توجہ دلا رہا ہوں جس کی گزشتہ سال تحریک کی گئی تھی۔ پس آگے بڑھیں اور اس پاک نظام میں شامل ہونے کی کوشش کریں، خدا کے مسیح کی آواز پر لبیک کہیں اور ان

روزنامہ الفضل
C.P.L 29-FD ٹیلی فون نمبر 047-6213029
Web: http://www.alfazl.org
Email: editor@alfazl.org
قائمقام ایڈیٹر: فخر الحق شمس
بدھ 28 دسمبر 2005ء 25 ذیقعد 1426 ہجری 28 فتح 1384 ہش جلد 55-90 نمبر 290

حقوق کی ادائیگی کے معیار حاصل کرتے چلے جائیں جن کی طرف تقویٰ کی راہوں پر چلتے ہوئے حضرت مسیح موعود نے توجہ دلائی ہے۔ بہر حال تقویٰ کی راہوں پر چلنے کا عزم اور اس کے لئے دعا ضروری ہے اللہ کے خوف اور آنکھ کے پانی سے تقویٰ کی جڑوں کو مضبوط کریں اور نیکیوں کی لہلہاتی فصلوں سے اپنی خوبصورتی اور حسن میں اضافہ کریں۔

فرمایا حضرت مسیح موعود نے اس رسالہ الوصیت میں ہمیں یہ خوشخبری بھی دی کہ اگر تم تقویٰ پر قائم رہے اس کی جڑیں مضبوط تمہارے دلوں میں قائم رہیں تو اس کے رسیلے اور میٹھے پھلوں میں سے ایک نعمت جو خلافت ہے اس کا بھی جماعت میں قیام رہے گا۔ اگر اس نعمت سے بھی فائدہ اٹھانا ہے تو تقویٰ کی جڑوں کو اپنے دلوں میں مضبوط کرنا ہوگا۔

حضور انور نے فرمایا مجھے گزشتہ سال کسی نے یہ بھی لکھا تھا کہ ہجری قمری کے لحاظ سے 2005ء میں خلافت کو بھی 100 سال پورے ہو رہے ہیں اس لحاظ سے آج وصیت کے نظام کو 100 سال پورے ہونے کے علاوہ قمری سال کے لحاظ سے بھی خلافت احمدیہ کو بھی 100 سال پورے ہو گئے ہیں اور میں سمجھتا ہوں کہ حضرت مسیح موعود کے ساتھ خدا تعالیٰ کی تائید کا یہ بھی ایک نشان ہے کہ دونوں لحاظ سے ان صدیوں کو پورا ہونے پر خلیفہ وقت اور مسیح موعود کا ایک ادنیٰ غلام وہاں موجود ہے جہاں سے یہ پیغام دنیا کو دیا گیا تھا اور خلافت احمدیہ کا آغاز ہوا تھا۔ اللہ کرے جہاں نظام وصیت سے دنیا کے مالی نظام فائدہ اٹھانے والے ہوں، جہاں غریبوں، یتیموں اور بیواؤں کے حقوق قائم ہوں جہاں محض اور محض خدا تعالیٰ کی رضا حاصل کرنے کیلئے حقوق العباد کی ادائیگی ہو، جہاں اللہ تعالیٰ کے حضور جھکنے کے اعلیٰ معیار قائم ہوں، وہاں تقویٰ پر قائم رہتے ہوئے ہم میں سے ہر ایک حضرت مسیح موعود کی اس خوشخبری کا بھی مصداق ٹھہرے، کہ میں جب جاؤں گا تو خدا دوسری قدرت کو تمہارے لئے بھیج دے گا جو ہمیشہ تمہارے ساتھ رہے گی۔

پس خوش ہو کہ اللہ تعالیٰ نے تمہارے روشن، تابناک، چمکدار مستقبل کی ضمانت دی ہے، پس تقویٰ پر قائم رہتے ہوئے اس سے فیض پاتے چلے جاؤ اور حضرت مسیح موعود کے درخت وجود کی سرسبز اور ثمر دار شاخیں بنتے چلے جاؤ۔ آج خدا تعالیٰ کی وحدانیت کو دنیا میں قائم کرنے کیلئے قربانیوں کے اعلیٰ معیار تم نے قائم کرنے ہیں۔

حضور انور نے آخر پر فرمایا پھر میں دوبارہ توجہ دلاتا ہوں کہ ان دنوں کو خاص طور پر بہت دعاؤں میں گزاریں، بہت دعاؤں میں گزاریں، بہت دعاؤں میں گزاریں، اللہ کرے کہ ایسا ہی ہو، اللہ آپ کو توفیق عطا فرمائے۔

اس کے بعد حضور انور نے اجتماعی دعا کرائی اور نعروں کی گونج میں جلسہ گاہ سے باہر تشریف لے گئے۔

☆......☆......☆......☆

1

سیدنا حضرت خلیفۃ المسیح الخامس ایدہ اللہ کا دورہ بھارت

بھارت میں پہلی مرتبہ ورود مسعود، ایئرپورٹ اور دہلی مشن ہاؤس میں والہانہ استقبال

رپورٹ: مکرم عبدالماجد طاہر صاحب

11 دسمبر 2005ء

ماریشس کا تیرہ روزہ دورہ مکمل کرنے کے بعد حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز 10 اور 11 دسمبر کی درمیانی رات اڑھائی بجے جہاز پر سوار ہوئے۔ قریباً سات گھنٹے کی مسلسل پرواز کے بعد ایئر ماریشس کی پرواز MK744 اپنے مقررہ وقت سے پندرہ منٹ قبل سوا گیارہ بجے صبح دہلی کے اندرا گاندھی انٹرنیشنل ایئرپورٹ پر اتری اور حضرت خلیفۃ المسیح الخامس ایدہ اللہ تعالیٰ کے قدم پہلی بار ہندوستان کی سرزمین پر پڑے۔

ایئرپورٹ پر امیگریشن کاؤنٹر سے قبل محترم صاحبزادہ مرزا وسیم احمد صاحب ناظر اعلیٰ صدر انجمن احمدیہ قادیان نے حضور انور کا استقبال کیا اور حضور انور کو پھولوں کا گلدستہ پیش کیا۔ محترمہ نوشینہ منور صاحبہ اہلیہ مکرم منور رشید صاحب ڈپٹی کمانڈر ریلوے پروٹیکشن فورس نے حضرت بیگم صاحبہ مدظلہا کا استقبال کیا اور حضرت بیگم صاحبہ کو پھولوں کا گلدستہ پیش کیا۔

کچھ آگے بڑھنے کے بعد امیگریشن ایریا میں درج ذیل احباب نے حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز کو خوش آمدید کہا۔

1۔ ڈاکٹر احمد شکیل صاحب آئی اے ایس
(M.O.S.To Minister of State For Internal Affairs)

2۔ سید خلیل احمد صاحب آئی اے ایس
(District Majestrate Bangal)

3۔ منور خورشید صاحب
Dep. Commandant Railway Protection Force

4۔ مکرم محمد نسیم خان صاحب ناظر امور عامہ وخارجہ

5۔ مکرم سید محمود احمد صاحب امیر جماعت احمدیہ کلکتہ

6۔ مکرم سیٹھ سہیل احمد صاحب امیر جماعت احمدیہ صوبہ آندھرا پردیش

7۔ مکرم شعیب احمد صاحب صدر خدام الاحمدیہ بھارت

8۔ مکرم سید عزیز احمد صاحب مہتمم مقامی مجلس خدام الاحمدیہ قادیان

حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز کو ایئرپورٹ پر VIP کی تمام سہولیات مہیا کی گئیں۔ حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ VIP لاؤنج میں تشریف لے گئے۔

VIP لاؤنج میں ممبر پارلیمنٹ Rajiya Sabha، Hon. Ravola Chandra، Sekar Reddy اور Mr. Debakar Reddy M.L.A نے حضور انور کو خوش آمدید کہا۔

حضور انور نے ان دونوں احباب سے گفتگو فرمائی اور اس دوران چائے بھی نوش فرمائی۔ حضور انور کے VIP لاؤنج میں قیام کے دوران امیگریشن اور سامان کے حصول کی کارروائی مکمل ہو چکی تھی۔ امیگریشن کی کارروائی کے لئے دو سپیشل ڈیسک صرف قافلہ کے افراد کے لئے مخصوص کئے گئے تھے۔ بارہ بجکر پینتالیس منٹ پر حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز VIP لاؤنج سے پولیس افسران کی سیکیورٹی میں ایئرپورٹ سے باہر تشریف لائے۔ ایئرپورٹ سے باہر صدر انجمن احمدیہ قادیان کے ناظران، صوبائی امراء کرام وزونل امراء کرام نے حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز کا استقبال کیا اور شرف مصافحہ حاصل کیا۔ مکرمہ صاحبزادی امۃ العلیم صاحبہ اور مکرمہ فوزیہ کلیم صاحبہ نے حضرت بیگم صاحبہ مدظلہا کا استقبال کیا اور خوش آمدید کہا۔

ایئرپورٹ سے حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز کا قافلہ ''احمدیہ بیت الہادی دہلی'' کے لئے روانہ ہوا۔ حکومتی انتظامیہ کی طرف سے حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز کو پولیس کی مکمل سیکیورٹی مہیا کی گئی ہے۔ قافلہ کے آگے پولیس کی دو گاڑیاں تھیں۔ ڈیڑھ بجے دوپہر حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز بیت احمدیہ دہلی پہنچے۔ جہاں دہلی اور بعض دوسری جماعتوں سے آئے ہوئے احباب مرد وخواتین اور بچوں بوڑھوں نے حضور انور کا والہانہ انداز میں پرجوش استقبال کیا۔ احباب نے نعرہ ہائے تکبیر بلند کئے۔ بچوں نے حضور انور اور حضرت بیگم صاحبہ مدظلہا کی خدمت میں پھول پیش کئے۔

دہلی مشن ہاؤس اور بیت الہادی کو خوبصورت رنگ برنگی جھنڈیوں اور بینرز سے سجایا گیا تھا اور محرابی دروازہ بھی بنایا گیا تھا۔ اھلاً وسھلاً ومرحبا، خوش آمدید، اورانی معك یا مسرور اور دیگر دعائیہ کلمات پر مشتمل بینرز مختلف جگہوں پر آویزاں کئے گئے تھے۔

حضور انور نے اپنا ہاتھ بلند کر کے سب احباب کو السلام علیکم کہا اور مشن ہاؤس کے رہائشی حصہ میں تشریف لے گئے۔

دہلی کا یہ مشن ہاؤس دو منازل پر مشتمل ہے۔ اس میں اوپر کی منزل میں رہائشی حصہ ہے جبکہ نچلی منزل پر دفاتر ہیں۔ یہ مشن ہاؤس بیت الہادی کے ساتھ ملحق ہے۔ بیت کے نچلے ہال میں مرد احباب نماز ادا کرتے ہیں جبکہ اوپر والا ہال خواتین کے لئے مخصوص ہے۔ جماعت دہلی کی یہ خوبصورت بیت دہلی کے علاقہ تغلق آباد میں واقع ہے۔ یہ علاقہ مغلیہ حکمران غیاث الدین تغلق کے نام سے موسوم ہے۔ اسی علاقہ میں غیاث الدین تغلق کا مزار مقبرہ اور قلعہ ہے۔

دو بجے حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ نے بیت الہادی دہلی میں تشریف لا کر ظہر وعصر کی نمازیں جمع کر کے پڑھائیں۔ نمازوں کی ادائیگی کے بعد حضور انور اپنی رہائش گاہ پر تشریف لے گئے۔ دہلی میں قیام کے دوران حضور انور کی رہائش مشن ہاؤس کے رہائشی حصہ میں ہے۔

پانچ بجے سہ پہر حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز اپنے دفتر تشریف لائے اور فیملی ملاقاتیں شروع ہوئیں۔ آج ہندوستان کے آٹھ صوبوں آندھرا پردیش، بہار، ہریانہ، کیرالہ، تامل ناڈو، بنگال، دہلی اور اتر پردیش کی سترہ جماعتوں Hyderabad، Godavaraj، Patna، Bangalpur، Jinp، Karunagapalli، Kannur، Kodali، Kolkotta، Chennai، Delhi، Aligarh، Ghaziabad، Morhura، Shbranpur، Kanpur اور Meerut کی 18 فیملیز کے 83 افراد نے شرف ملاقات حاصل کیا اور تصاویر بنوانے کی سعادت بھی حاصل کی۔

اس کے علاوہ آسٹریلیا اور دوبئی (Dubai) سے آنے والی بعض فیملیز نے ملاقات کی سعادت حاصل کی۔

ہندوستان کی مختلف جماعتوں اور صوبوں سے آنے والی فیملیز اور خاندان بڑا لمبا سفر طے کر کے اپنے پیارے آقا کے دیدار اور ملاقات کے لئے پہنچے تھے۔ صوبہ بہار سے بارہ صد کلومیٹر، صوبہ آندھرا پردیش سے دو ہزار پانچ صد کلومیٹر، صوبہ تامل ناڈو سے دو ہزار چھ صد کلومیٹر جبکہ صوبہ کیرالہ سے تین ہزار کلومیٹر کا لمبا سفر طے کر کے پہنچے تھے۔ یہ سبھی لوگ اپنے پیارے آقا سے مل کر بے حد خوش تھے۔ اپنی زندگیوں میں پہلی بار حضور انور کو اپنے سامنے دیکھا تھا۔ ان کے چہرے خوشی ومسرت سے معمور تھے۔ اللہ تعالیٰ یہ سعادتیں اور خوش نصیبیاں ان سب کے لئے مبارک فرمائے۔

ملاقاتوں کا یہ پروگرام شام سات بجے تک جاری رہا۔ ملاقاتوں کے بعد حضور انور نے بیت الہادی دہلی میں تشریف لا کر مغرب وعشاء کی نمازیں جمع کر کے پڑھائیں۔ نمازوں کی ادائیگی کے بعد حضور انور اپنی رہائش گاہ پر تشریف لے گئے۔

پبلشر آغا سیف اللہ، پرنٹر سلطان احمد ڈوگر مطبع ضیاء الاسلام پریس مقام اشاعت دارالنصر غربی چناب نگر (ربوہ) قیمت -/4 روپے

تاریخ یہودِ مدینہ۔ قبل از اسلام

(قسط اول)

مکرم سید عبدالحی صاحب

ملک عرب کے علاقہ حجاز کے ایک غیر معروف سے گاؤں یثرب کو یہ فخر حاصل ہوا کہ وہ حضرت خاتم النبیین محمد مصطفیٰ ﷺ کا دار الہجرت قرار پائے۔ آنحضرتؐ کے قدوم میمنت لزوم سے یثرب مدینۃ الرسولؐ اور مدینہ طیبہ کہلایا۔ اور یہ گاؤں جو بیماریوں اور نحوستوں کے لیے مشہور تھا۔ حضور کے انفاس قدسیہ سے شعائر اللہ میں سے قرار پایا۔ مدینہ میں مہاجرین اسلام کی آمد سے قبل عرب اور یہودی آباد تھے۔ اس مضمون میں خصوصیت سے یہ بتانے کی کوشش کی گئی ہے کہ مدینہ کے ساتھ یہود کا کب سے تعلق ہے اور اس کے ساتھ ساتھ یہود مدینہ کے ثقافتی، مذہبی، علمی اور اقتصادی حالات کا مختصر جائزہ لے کر مقامی عربوں اور آباد یہود کے باہمی تعلقات پر بھی روشنی ڈالی گئی ہے۔

آنحضرت ﷺ اور اکابر صحابہ کرام رضی اللہ عنہم کی ہجرت کے بعد یہود مدینہ کی تاریخ کا دوسرا دور شروع ہوتا ہے۔ جو ان کے حق میں بہت تاریک اور تکلیف دہ ثابت ہوا۔

یہود مدینہ کے تذکرہ سے قبل مدینہ کی مختصر تاریخ کا تذکرہ مناسب معلوم ہوتا ہے۔ سو اسی مناسبت سے سب سے پہلے ہم مدینہ کی تاریخی حیثیت کو لیتے ہیں۔

محل وقوع

مدینہ جو اسلام سے پہلے یثرب کے نام سے مشہور تھا۔ 39.55° طول بلد اور 24.15° عرض بلد پر اس شاہراہ پر واقع ہے جو قدیم زمانہ میں شام سے یمن جاتی تھی (دائرۃ المعارف محمد فرید وجدی ج:10)۔ شام یورپ کا دروازہ تھا اور یمن کی بندرگاہوں پر چین، ہندوستان اور دیگر مشرقی ممالک کا سامان تجارت آکر اترتا تھا اور پھر قافلوں کے ذریعہ صحراء کو عبور کر کے شامی منڈیوں میں پہنچتا تھا۔

آب وہوا

آب وہوا صحرائی علاقہ ہونے کی وجہ سے سردیوں میں سخت سرد اور گرمیوں میں سخت گرم ہوتی ہے۔ رات کو گرمی کے موسم میں بھی خنکی ہوتی ہے۔ اردگرد کی زمین زرخیز ہے۔ زراعت اور کھجوروں کے باغات ابتدائی زمانہ سے ہی چلے آتے ہیں۔

وجہ تسمیہ

رسول اللہ ﷺ کے مکہ سے ہجرت کرنے کے بعد اس جگہ کا نام ''المدینہ'' رکھا گیا۔ لیکن پہلے یثرب کے نام سے مشہور تھا۔ یثرب کی وجہ تسمیہ سے متعلق مؤرخین اور مستشرقین نے بہت قیاس آرائیاں کی ہیں۔ نورالدین علی بن السید نے اپنی کتاب وفا الوفاء فی اخبار دار المصطفیٰ میں ''یثرب کو اثرب'' کی ایک قراءت قرار دیا ہے۔ جس طرح یلملم کو الملم بھی کہتے ہیں۔ ان کے نزدیک چونکہ طوفان نوح کے بعد حضرت نوح کی اولاد نے یہاں بھی پناہ لی تھی۔ اس نسبت سے یہ یثرب کہلاتا ہے۔ کیونکہ تثریب کے معنی سرزنش اور گناہ کا مواخذہ ہیں (وفاء الوفا از نورالدین علی)

حضرت ابن عباس اور زمخشری نے بھی اسے ہی قبول کیا ہے۔

صاحب دائرۃ المعارف نے اسے اتربیس سے معرب قرار دیا ہے۔ یہ لفظ ان کے نزدیک مصری ہے۔ (دائرۃ المعارف لوجدی جلد 10)

کلبی نے ابن عباس سے روایت کی ہے کہ طوفان نوح کے بعد عبیل بن عوص بن ادم بن سام بن نوح اس جگہ آکے آباد ہوا تھا۔ عبیل کے بیٹے کا نام یثرب تھا اس لیے اس بستی کا نام بھی یثرب ٹھہرا۔

ابوالقاسم الزجاجی کے نزدیک یثرب کو آباد کرنے والا شخص یثرب بن قانیہ بن مہرا ابیل بن ادم بن عبیل بن عوص بن ادم بن سام بن نوح تھا۔ (وفاء الوفاء)

صاحب معجم البلدان نے بھی اس کو درست تسلیم کیا ہے۔

یثرب کی تاریخ بنیاد

اگر مذکورہ روایات کو درست تسلیم کیا جائے تو اس سے یہ نتیجہ کم از کم نکلتا ہے کہ یثرب کو آباد کرنے والا نوح کی ذریت سے کوئی شخص تھا۔ اور طوفان نوح کے جلد بعد وہ ہجرت کر کے اس علاقے میں آکر آباد ہو گیا تھا۔ لیکن بعض مؤرخین کے نزدیک مدینہ کی بنیاد رکھنے والے بنی اسرائیل تھے۔ جو حضرت موسیٰ علیہ السلام کے زمانہ میں یہاں آکر بوجوہ چند آباد ہو گئے تھے۔ چنانچہ ابو عبیدہ بن عبداللہ بن عمار بن یاسرؓ کی روایت کے مطابق حضرت موسیٰؑ اس علاقہ سے گزرے اور بنی اسرائیل کو یہاں آباد کیا تھا۔ (وفاء الوفاء)

لیکن اس روایت کے پیچھے کوئی تاریخی شواہد موجود نہیں۔ مستند تواریخ سے ثابت ہے کہ مدینہ میں یہود کے آنے سے بہت قبل عمالقہ آباد تھے جو مصر سے آئے تھے۔

اگر مذکورہ روایت کو درست تسلیم کیا جائے تو مدینہ کی تاسیس قریباً 1400 ق م میں ہوئی ہوگی۔

لیکن مصر کے مشہور محقق محمد فرید وجدی نے مدینہ کی تعمیر تاریخ اور کتبات کے شواہد کی بناء پر 1600 ق م یا 2222 قبل الہجرت قرار دی ہے (دائرۃ المعارف جلد 10)۔ یہ تاریخ موسیٰ علیہ السلام سے 200 سال قبل بنتی ہے اور یہ قرین قیاس بھی ہے۔ کیونکہ نوح کی ساتویں اور آٹھویں پشت قریباً اسی دور میں موجود تھی۔

مدینہ کی ابتدائی تاریخ سے متعلق کوئی بات بھی حتمی طور پر نہیں کہی جا سکتی۔ انسائیکلو پیڈیا آف اسلام کے مصنفین نے انتہائی تحقیق کے بعد یہی نتیجہ نکالا ہے کہ:

"There were in later times no reliable tradition regarding the origin and the earliest history of Madina."

ترجمہ: مدینہ کی تاریخ اور ابتداء کے بارے میں ماضی بعید میں کوئی مستند روایت موجود نہیں۔

مدینہ کے پہلے آبادکار

پہلے اس امر کا ذکر گزر چکا ہے کہ بعض مؤرخین کے نزدیک یثرب کو ابتداء میں آباد کرنے والے بنی اسرائیل تھے جیسا کہ وفاء الوفاء کے مصنف نے ابو عبیدہ بن عبداللہ کی روایت اپنی کتاب میں درج کی ہے۔

اسی خیال کا اظہار ابن ہشام نے اپنی سیرت اور ابوالفرج الاصفہانی نے اپنی کتاب الاغانی میں کیا ہے۔ (الروض الانف)

لیکن ان آراء کو وزن حاصل نہیں۔ یہ درست ہے کہ بنی اسرائیل 1000 ق م (حضرت داؤد سے کچھ زمانہ قبل) حجاز میں موجود تھے۔ لیکن اس سے یہ ثابت نہیں ہو جاتا کہ یثرب کو اسرائیلیوں نے ہی آباد کیا تھا۔

اس بارے میں زیادہ صائب رائے یہ ہے کہ یہود جب یثرب میں داخل ہوئے ہیں اس وقت وہاں پہلے ہی عمالقہ کی آبادی موجود تھی۔ یہ وہی عمالقہ ہیں جنہوں نے یمن اور شام اور حجاز میں دیر تک حکومت کی ہے۔

مسلمان مؤرخین میں سے بھی محقق طبقہ نے موسیٰ علیہ السلام کے زمانہ میں بنی اسرائیل کے مدینہ میں ہجرت کرنے کے واقعہ کو غلط لکھا ہے۔ چنانچہ علامہ ابن خلدون نے اس پر اپنی تاریخ میں تفصیلی بحث کی ہے۔

تاریخ کی بعض کتب میں عمالقہ کی بجائے مدینہ کا بانی صعل اور عالج قبائل کو قرار دیا گیا ہے۔ یہ قبائل اپنے آپ کو نوح کی اولاد قرار دیتے تھے۔

(وفاء الوفاء)

یہود کا مدینہ میں ورود

یہود کے مدینہ کو وطن بنا لینے کا زمانہ بہت قدیم ہے۔ تواریخ میں زمانہ کی تعیین میں بہت اختلاف ہے۔ اس بنا پر حتمی طور پر نہیں کہا جا سکتا کہ یہود کب مدینہ میں آباد ہوئے۔

1۔ ابتدائی مسلمان مؤرخین نے اپنی کتب میں اسی روایت کو دہرایا ہے جس میں موسیٰ علیہ السلام کے زمانہ میں بنی اسرائیل کے مدینہ میں آباد ہونے کا ذکر ہے۔ گو واقعات میں جزوی اختلاف ہے لیکن اس پر وہ متفق ہیں کہ یہ ہجرت موسیٰؑ کے وقت میں ہوئی۔ اس روایت کو یاقوت نے معجم البلدان میں (ج: 2 -ص: 427) اور ابوالفرج الاصفہانی نے اپنی کتاب الاغانی (ج: 11 ص 91) میں اور السہیلی نے الروض الانف شرح السیرۃ النبویۃ لابن ہشام میں اور سمہودی نے وفاء الوفاء میں اور ابن خلدون نے اپنی تاریخ (ج 2 ص 282) میں درج کیا ہے۔

لیکن ساتھ ہی اس روایت کو ابن خلدون، صاحبِ وفاء الوفاء اور موجودہ زمانہ کے محققین نے ضعیف قرار دیا ہے۔ گو اس خیال کی تائید میں بھی بعض شواہد موجود ہیں۔ مثلاً بائبل کے عہد نامہ قدیم سے یہ بات ثابت ہے کہ یہود اور عرب آپس میں تجارت بھی کرتے تھے اور معاشرتی تعلقات بھی رکھتے تھے۔ ملکہ سبا کا سلیمان کے زمانہ میں یمن سے تحائف بھیجنا اور سفارتی وفد کا سلیمان کے دربار میں جانا قرآن کریم اور بائبل دونوں سے ثابت ہے۔ اس سے قبل بھی بنی شمعون کے عرب کی چراگاہوں پر قابض ہونے کے واقعات ثابت ہیں۔

2۔ دوسرا گروہ ان مؤرخین کا ہے جو بنی اسرائیل کی ہجرت کو حضرت داؤد کے زمانہ سے قبل یا دور حکومت میں قرار دیتے ہیں۔ بنی شمعون کی ہجرت کا زمانہ 500 ق م سے قبل کا ہے۔ بائبل میں لکھا ہے:۔

''اور وہ جدور کی درآمد تک اس وادی کے پورب تک اپنے گلوں کے لیے چراگاہ ڈھونڈنے گئے ...... اور انہوں نے ان کا پڑاؤ مارا اور معونیم جو وہاں ملے انہیں قتل کیا۔ ایسا کہ وہ آج کے دن تک نابود ہیں ...... اور ان میں سے بنی شمعون کے بیٹوں میں سے پانچ سو شعیر کے پہاڑ پر چڑھ گئے ......اور باقی عمالیقیوں کو جو بھاگ نکلے تھے، قتل کیا اور آج کے دن تک وہاں بستے ہیں۔ (تواریخ 1۔ باب 4)

معونیم یعنی قبائل معان یا معین مکہ اور یثرب کے اطراف میں آباد تھے۔ (تاریخ الیہود)۔ اور عمالیق کے بارے میں پہلے ہی ذکر ہوا ہے کہ وہ مدینہ میں حاکم تھے۔ تواریخ کے اس بیان سے ظاہر ہے کہ یہود حضرت داؤد سے بہت پہلے عرب کے ان علاقوں میں آباد ہو چکے تھے۔ چنانچہ ابن خلدون اپنی تاریخ میں حضرت داؤد علیہ السلام کے خیبر میں آنے کا ذکر کرتا ہے۔

یعنی جب بنی اسرائیل نے داؤد کے خلاف بغاوت کی تو وہ یہودا کے قبیلے کے ساتھ خیبر آ گئے اور شام کا بادشاہ داؤد کا بیٹا بنا بعد میں اس کے قتل ہونے پر وہ دوبارہ وطن گئے۔ (تاریخ ابن خلدون)

تواریخ مدینہ میں ایک ایسے کتبے کا ذکر ملتا ہے جو حضرت سلیمان کے زمانہ کا ہے۔

ابن زبالہ نے لکھا ہے کہ وادیٔ عتیق میں ایک قبر پر کتبہ تھا جس پر لکھا تھا:۔

انا عبداللہ رسول رسول اللہ سلیمان بن داؤد الی اہل یثرب۔ یعنی میں خدا کے رسول سلیمان بن داؤد کا سفیر اہل یثرب کی طرف ہوں۔

3۔ اس طرح بعض مؤرخین نے یہود کے مدینہ میں ورود کا زمانہ حضرت داؤد کا عہد قرار دیا ہے۔

وفاء الوفاء میں ہے۔

ترجمہ: ابن زبالہ نے مدینہ کے بزرگوں سے یہ روایت نقل کیا ہے کہ قدیم ساکنین مدینہ صعل اور خالج سے حضرت داؤد علیہ السلام نے جنگ کر کے یہ علاقہ چھینا تھا۔

4۔ مؤرخین کا محتاط گروہ اس ہجرت کو بخت نصر کے مشہور ظالمانہ عہد حکومت اور بنی اسرائیل کی اسیری کے ساتھ متعلق قرار دیتا ہے۔

(الف) طبری نے اپنی تاریخ میں لکھا ہے:۔

ترجمہ: بنی اسرائیل اس زمانہ میں حجاز میں وارد ہوئے جب بخت نصر (Nebuchadnezzar) نے شام کو فتح کر کے بیت المقدس کو تباہ و برباد کر دیا تھا۔ (بحوالہ الروض الانف)

(ب) اس طرح جیوش انسائیکلوپیڈیا کے مصنفین لکھتے ہیں:۔

انسائیکلوپیڈیا کی یہ رائے زیادہ مضبوط ہے کہ مختلف عہدوں میں جب بھی یہود پر کبھی ظلم ہوا کچھ نہ کچھ لوگ فلسطین سے بھاگ کر عرب میں پناہ گزین ہوئے۔

بالکل یہی رائے محمد فرید وجدی نے دائرۃ المعارف میں ظاہر کی ہے۔ وہ لکھتے ہیں۔

ترجمہ: قدیم صحائف سے یہ پتہ لگتا ہے کہ عام طور پر بنی اسرائیل ہر غیر ملکی یا ظالم بادشاہ کے عہد میں شمالی عرب کے محفوظ علاقوں میں پناہ لیتے تھے۔ خصوصاً بخت نصر کے زمانہ میں جب اس نے یروشلم کو تخت وتاراج کیا بنی اسرائیل کی بڑی جمعیت عرب بھاگ گئی تھی۔

تاریخ وفاء الوفاء میں اسی حقیقت کو حضرت ابو ہریرہؓ کی روایت کے طور پر زیادہ حقیقت افروز رنگ میں درج کیا گیا ہے۔ لکھا ہے کہ:۔

بخت نصر نے جب اسرائیلیوں پر مظالم ڈھائے تو کچھ اسرائیلی عرب میں پناہ گزیں ہوئے اور چونکہ ان کی کتب مقدسہ میں نبی موعود کی آمد کی پیشگوئی درج تھی اور اس کی علامات میں لکھا تھا کہ وہ عرب کے ایک ایسے گاؤں میں ظاہر ہوگا جہاں کھجوروں کے جھنڈ ہوں گے۔ شام اور یمن کے درمیان انہیں ہر بستی ان پیشگوئیوں کی مصداق نظر آئی اور وہ تھوڑے تھوڑے ہر بستی میں آباد ہوتے گئے اور بنو قریظہ اور بنو نضیر یثرب میں آباد ہو گئے۔

5۔ آخر میں ان مؤرخین کا نقطہ نظر پیش کیا جاتا ہے جن کے نزدیک یہودیوں کی ہجرت رومیوں کے غلبہ اور تسلط کا نتیجہ تھی۔ مسیح سے ڈیڑھ سو سال قبل رومیوں نے فلسطین پر اپنی بالادستی قائم کر کے اسے اپنی ایک نوآبادی بنا لیا تھا اور ایک رومی گورنر ہمیشہ فلسطین میں مقیم رہتا تھا۔ یہود چونکہ ایک حکمران قوم رہ چکے تھے اس لیے انہیں اپنی غلامی ناگوار گزرتی تھی۔ اس لیے روم کے اس صوبہ میں آئے دن بغاوتیں اٹھتی رہتیں اور رومن انہیں سختی سے دباتے تھے۔ ان مظالم سے تنگ آ کر بہت سے یہود عرب کی طرف ہجرت کرنے پر مجبور ہو گئے تھے۔ چنانچہ یاقوت حموی نے اپنی تاریخ میں لکھا ہے کہ رومیوں نے جب فلسطین پر قبضہ کر لیا تو بنو قریظہ اور بنو نضیر حجاز میں پناہ گزیں ہوئے۔ حجاز میں پہلے ہی کچھ اسرائیلی موجود تھے۔ رومی فوجوں نے ان کا تعاقب بھی کیا مگر صحرا کی مشقتوں کو برداشت نہ کرنے کی وجہ سے ہلاک ہو جاتے تھے۔ (وفاء الوفاء)

برعظیم ہندوپاکستان کے عظیم مفکر شبلی نعمانی نے بھی اسی رائے کو ترجیح دی ہے۔ وہ اپنی مشہور کتاب سیرت النبیؐ میں لکھتے ہیں:۔

''رومیوں نے دوسری صدی عیسوی میں یہودیوں سے شام و فلسطین کی برائے نام حکومت چھین لی تھی اور وہ مجبوراً حدود شام سے قلب حجاز تک پیچھے ہٹ آئے تھے اور اپنے لیے مدینہ سے شام تک مسلسل قلعے تعمیر کر لیے تھے۔ (جلد 2)

ان مختلف قسم کی آراء سے ہم مصنف تاریخ الیہود اسرائیل الفنسون کے الفاظ میں ذیل کے نتیجہ پر پہنچتے ہیں۔ وہ لکھتے ہیں کہ ہمارے لیے زیادہ سے زیادہ یہ ممکن ہے کہ ہم مذکورہ خبروں پر اعتماد کرتے ہوئے یہ کہیں کہ قدماء کے نزدیک دور ثانی میں (بخت نصر کی یورش کے بعد) یہود کی جمعیت کے یثرب میں وارد ہونے سے قبل بھی اس علاقے میں اسرائیلی قبائل موجود تھے۔ اس نظریہ کی تائید کتاب مقدس کے عہد نامہ قدیم کی اس نص سے بھی ہوتی ہے۔ جس میں فلسطین اور جزیرہ عرب کے درمیان مضبوط تعلقات کا بار بار ذکر آیا ہے۔ گویا فلسطین سے جزیرہ عرب کی طرف یہود کی ہجرت دو ادوار میں تقسیم ہوگی۔ ایک داؤد کی سلطنت سے قبل اور دوسرے بخت نصر کے زمانہ میں اور ان دونوں زمانوں کے درمیان انفرادی ہجرت بھی جاری رہی۔

پہلی اور دوسری صدی مسیحی میں یہ ہجرت پھر ایک بار جاری ہوئی۔ مصنف تاریخ الیہود میں لکھتے ہیں:۔

ترجمہ: پہلی اور دوسری صدی مسیحی میں یہودیوں کی بڑی جمعیت جزیرہ عرب کی طرف عموماً اور حجاز کی طرف خصوصاً ہجرت کرنے لگ گئی تھی۔

(تاریخ الیہود)

ہجرت کی وجوہ

اس بارے میں بھی مؤرخین اسلام اور مستشرقین نے مختلف قیاس آرائیاں کی ہیں۔ عام طور پر موجودہ مستشرقین کے نزدیک ہجرت کی مندرجہ ذیل وجوہ تھیں۔

1۔ فلسطین میں یہود کی تعداد چالیس لاکھ سے متجاوز ہو گئی تھی۔ جس کی وجہ سے اقتصادی اور معاشی دباؤ بڑھ گیا تھا۔ لازماً یہود میں فلسطین سے باہر مستعمرات بنانے کا خیال آیا اور وہ مصر، عراق اور جزیرہ عرب میں پھیل گئے۔ (تاریخ الیہود)

یہ وجہ درست معلوم نہیں ہوتی۔ یہ تو صحیح ہے کہ فلسطین میں محدود پیداواری صلاحیت سے اقتصادی دباؤ مقامی باشندوں پر بڑھ گیا تھا۔ لیکن اس کی بناء پر وہ عرب جیسے غیر زرخیز اور غیر زرعی ملک کو منتخب کر کے اپنی اقتصادی حالت کو زیادہ بہتر نہیں بنا سکتے تھے۔ خصوصاً جبکہ عرب میں کوئی باقاعدہ حکومت نہ ہونے کی وجہ سے امن کے حالات موجود نہیں تھے کہ یہودیوں کو آرام سے اقتصادی رنگ میں خوشحال زندگی گزارنے کے مواقع مہیا ہو سکتے۔

یہود حضرت سلیمان کے زمانہ سے ہی ایک تاجر قوم تھی (سلاطین 1) اور مشرق وسطیٰ کی تجارت پر یہ لوگ چھائے ہوئے تھے۔ مصر اور بحیرہ روم کی بندرگاہوں کی Monopoly ان کے ہاتھ میں تھی اور انہوں نے فلسطین کے مغربی ساحلوں پر اپنی تجارتی کوٹھیوں کا ایک جال بچھایا تھا۔ لازماً اگر اقتصادی دباؤ کا وہ حل ڈھونڈتے تو وہ مصر اور لبنان کی سرزمینوں کو ہجرت کے لیے منتخب کرتے جو خوشحال اور زرخیز تھیں۔ لیکن انہوں نے دوسرے ممالک کی نسبت زیادہ حجاز کی طرف ہجرت کی ہے۔ پس ہجرت کی وجہ مذکورہ پر تنقید کرنے کی بہت گنجائش ہے۔

2۔ دوسری وجہ یہ بیان کی جاتی ہے کہ پہلی صدی قبل مسیح میں رومی حکومت نے فلسطین کو فتح کر کے وہاں اپنی نگرانی میں ...... یہود کی ایک نام نہاد حکومت قائم کی۔ یہود کی حوصلہ شکنی کے لیے رومیوں نے ہیکل (جو یروشلم میں تھا) کو لوٹا اور اس کی بار بار بے حرمتی کرتے رہے۔ یہود کی طرف سے جب بار بار بغاوتیں ہوئیں تو رومیوں نے ان بغاوتوں کو انتہائی مظالم کے ساتھ کچلنے کی کوشش کی۔ اس دور میں بہت سے یہود حجاز کی طرف ہجرت کر کے آ گئے تھے۔

مؤرخین کے نزدیک حجاز کو اس لیے منتخب کیا گیا۔ کیونکہ یہ دشوار گزار علاقہ تھا۔ چنانچہ صاحب الاغانی نے لکھا ہے کہ جب بنو قریظہ اور بنو نضیر وغیرہ قبائل فلسطین سے بھاگے تو رومیوں نے ان کا پیچھا کیا لیکن صحرا میں پانی نہ ملنے کی وجہ سے وہ ہلاک ہو گئے۔

صاحب الاغانی نے جہاں یہ وجہ بیان کی ہے وہاں ساتھ ہی اس ہجرت سے پہلے حجاز میں بنی اسرائیل کے وجود کا بھی اس جگہ اقرار کیا ہے۔ سوال تو یہ ہے کہ ابتدائی اسرائیلیوں کے حجاز میں آنے کی وجہ کیا تھی؟

تاہم یہ وجہ کافی حد تک وزنی ہے۔ دراصل فلسطین میں یہود کے زوال سے بہت قبل یہود نے تیماء کی سرزمین سے لے کر حضر موت اور یمن تک قافلوں کی شاہراہ Route پر اپنی مستعمرات قائم کر لی تھیں۔ کیونکہ بائیبل سے یہ بات ثابت ہے کہ سلیمان کے وقت سے ہی فلسطین نے یمن کے راستہ مشرق سے تجارتی روابط قائم کر لیے تھے۔ قدیم زمانہ میں عرب کے صحراء میں جہاں بدوی اور قبائلی نظام رائج تھا۔ ایک ایسی قوم کے لیے جو تجارتی اموال کو صحراء سے گزارتی ہو، لازمی تھا کہ وہ حفاظتی تدابیر بھی اختیار کرتے۔ اس لیے انہوں نے شام سے لے کر یمن تک، تیماء، فدک، وادی القریٰ، خیبر، بعاث، یثرب اور یمن میں اپنی نوآبادیاں قائم کر لی تھیں۔

ہر جگہ قلعے بنے ہوئے تھے۔ خیبر کا قلعہ بہت مشہور تھا۔ بعض مؤرخین کے نزدیک اس قلعے میں ہر وقت 20 ہزار سپاہی موجود رہتے تھے۔

بعد میں جب فلسطین پر رومیوں نے قبضہ کر لیا اور مخالف عناصر کو کچلنا چاہا تو وہ اپنی محفوظ مستعمرات میں منتقل ہونے شروع ہو گئے۔ جہاں انہیں اقتدار حاصل تھا۔ علامہ شبلی نے نہایت مختصر الفاظ میں اس طویل تاریخی حقیقت کو بیان کرتے ہوئے لکھا ہے:۔

''(یہودیوں نے) ...... مدینہ سے شام تک متصل اور مسلسل قلعے تعمیر کر لیے تھے۔ یہ مقامات ان کے جنگی استحکامات بھی تھے اور تجارتی گودام بھی۔

پس یہ حقیقت ہے کہ یہودیوں نے جو قلعہ بندیاں ایک خاص تجارتی راستے پر محض تجارتی مقاصد سے کی تھیں۔ بعد میں سیاسی حالات اس رخ پر آئے کہ یہ قلعے ان کی پناہ گاہ اور دفاع کے لیے بہت مفید ثابت ہوئے۔

3۔ مسلمان مؤرخین نے بعض شواہد اور قرآن کریم کی بعض تصریحات کی روشنی میں یہود کے حجاز اور خصوصاً مدینہ میں آباد ہونے کی یہ وجہ بیان کی ہے کہ موسیٰ علیہ السلام نے پیشگوئی کی تھی۔

''خداوند تیرا خدا تیرے لیے تیرے ہی درمیان سے تیرے بھائیوں میں سے تیری مانند ایک نبی برپا کرے گا۔

(استثناء 15:18)

اور اس موعود کی بعثت کا ذکر کرتے ہوئے فرمایا:

''اور اس نے کہا کہ خداوند سینا سے آیا اور شعیر سے ان پر طلوع ہوا۔ فاران کے پہاڑ سے ان پر جلوہ گر ہوا۔ دس ہزار قدوسیوں کے ساتھ آیا اور اس کے داہنے ہاتھ ایک آتشی شریعت ان کے لیے تھی''۔

(استثناء 33-2)

اور حبقوق نبی نے اس پیشگوئی کی تائید میں کہا:۔

''خدا تیماء سے اور وہ جو قدوس ہے کوہ فاران سے آیا''۔ (حبقوق 3/3)

ان کے علاوہ طالمود اور یہود کی دیگر مذہبی کتب میں خاتم النبیین ﷺ کے متعلق تفصیلی پیشگوئیاں موجود تھیں۔ یہود علماء ہمیشہ اس جگہ کو تلاش کرتے تھے جہاں ان پیشگوئیوں کا مصداق پیدا ہونے والا تھا۔

ہم دعا کرنے کے لئے آئے ہیں

حضرت مسیح موعود گورداسپور میں ...... مقدمہ کے ایام میں مقیم تھے۔ حضور کے لئے ایک بیت الدعا بنایا گیا۔ اس میں ایک پشمینے کی چادر جائے نماز پر بچھی ہوئی تھی۔ کوئی شخص اسے اٹھا کر لے گیا اس کے گم ہو جانے پر کسی نے حضور سے ذکر کیا کہ یہاں پشمینہ کی چادر تھی۔ سن کر فرمایا کہ ہم دعا کرنے کے لئے آئے ہیں یا جائے نماز دیکھنے کے لئے؟

(الفضل 20 مئی 2000ء)

(مکرم شاکر مسلم صاحب مربی سلسلہ نائیجر)

جماعت احمدیہ نائیجر کا پہلا جلسہ سالانہ

حضرت اقدس مسیح موعود نے اپنی زندگی میں جلسہ سالانہ کا آغاز کر کے جماعت پر بہت بڑا احسان کیا اللہ تعالیٰ کے فضل و کرم سے 75 افراد سے شروع ہونے والا جلسہ جس کا آغاز ایک چھوٹے سے گاؤں سے ہوا تھا آج دنیا بھر میں ہو رہا ہے اور اس میں شامل ہونے والوں کی تعداد بھی لاکھوں تک پہنچ چکی ہے۔

جماعت احمدیہ نائیجر کو بھی امسال یہ تاریخی سعادت بفضل اللہ تعالیٰ نصیب ہوئی کہ وہ اپنا پہلا تاریخی جلسہ سالانہ منعقد کرے۔ تاریخی اس لحاظ سے کہ اس سے قبل نائیجر میں جلسہ سالانہ کا انعقاد نہیں ہو سکا تھا سال کے شروع میں ہی مکرم اکبر احمد طاہر صاحب مربی انچارج نائیجر نے جماعت نائیجر کا جلسہ سالانہ شروع کرنے کا پروگرام بنایا اور جلسہ کی تاریخیں 29-30 اپریل طے پائیں۔

جلسہ کی تیاری کے لئے محترم فخر الاسلام صاحب مربی سلسلہ کو افسر جلسہ سالانہ مقرر کیا گیا جنہوں نے ایک ماہ قبل ہی جلسہ کیلئے اپنی ٹیم کے ساتھ مل کر تیاری شروع کر دی۔ جلسہ کے لئے جو جگہ تجویز کی گئی وہ دارالحکومت نیامی سے 428 کلومیٹر کے فاصلہ پر اندرون ملک مین سڑک پر واقع ہے۔ یہ ایک Rododoau نامی چھوٹا سا گاؤں ہے۔ گزشتہ سال اس چھوٹے سے گاؤں میں 17 گھرانوں کے 64 افراد نے احمدیت قبول کی۔ بفضل اللہ تعالیٰ اس گاؤں میں جماعت کو چھوٹی سی بیت بنانے کی توفیق ملی اس جگہ کا انتخاب اس لئے کیا گیا کہ دارالحکومت نیامی نقشہ میں دیکھیں تو ملک کے ایک کونہ میں ہے باقی سارا ملک ایک طرف ہے اس لئے اندرون ملک سے لمبا سفر کر کے لوگوں کا نیامی تک پہنچنا بہت مشکل اور تکلیف دہ امر تھا۔ نیز سفر کے کرائے زیادہ ہیں ایک غریب آدمی اتنا لمبا سفر اور اتنا زیادہ کرایہ دینے کی استطاعت نہیں رکھتا۔ ان تمام باتوں کو مدنظر رکھتے ہوئے اس جگہ کا انتخاب کیا گیا۔

تیاری جلسہ گاہ

جلسہ گاہ کی تیاری کا کام چند دن قبل شروع کر دیا گیا۔ گاؤں کے نومبائعین نے بڑے جوش و جذبہ سے جلسہ کی تیاری میں بڑھ چڑھ کر حصہ لیا۔ کام کرتے ہوئے ایک عجیب سی خوشی ان کے چہروں پر نمایاں تھی اس احساس سے فکر مند بھی تھے کہ اندرون ملک و بیرون ملک سے مہمان ان کے چھوٹے سے گاؤں میں تشریف لائیں گے اللہ کرے کہ انتظامات اچھے ہوں تا کہ کسی مہمان کو کوئی پریشانی یا تکلیف نہ ہو۔ بہر حال گاؤں کے نومبائعین نے دن رات محنت کر کے جلسہ کی تیاری مکمل کی۔ گاؤں کی صفائی کی گئی خصوصاً جلسہ گاہ کو اچھی طرح صاف کیا گیا، جھنڈیاں لگائی گئیں راستے بنائے گئے، کھانا پکانے کیلئے علیحدہ جگہ کا انتظام کیا گیا، مہمان عورتوں کی رہائش کیلئے علیحدہ جگہ بنائی گئی۔

چونکہ دیہات میں سب سے بڑا مسئلہ پانی کا ہوتا ہے اس مسئلہ کے حل کیلئے بچوں کی ایک ٹیم تشکیل دی گئی جو مسلسل پانی بھرتے رہے اور کسی موقع پر بھی پانی کی کمی نہ ہونے دی۔

اپریل کا مہینہ نائیجر میں گرمی کے لحاظ سے گرم ترین مہینہ ہے ہم سب کو یہ فکر لاحق تھی کہ اتنی گرمی میں مہمانوں کا انتظام کیسے ہو سکے گا۔ اللہ تعالیٰ نے محض اپنے فضل سے ایک دن قبل آندھی اور برسات بھیجی کہ جلسہ کے دونوں دن بہت ہی خوشگوار گزرے۔ دونوں دن تیز ہوا چلتی رہی اور موسم بہت اچھا رہا۔

پہلا دن

الحمدللہ پانچ بجے شام محترم امیر صاحب بینن و نائیجر خالد محمود صاحب نے لوائے احمدیت لہرایا اور اکبر احمد طاہر صاحب مربی انچارج نائیجر نے نائیجر کا قومی پرچم لہرایا بعد ازاں محترم امیر صاحب نے دعا کروائی۔ اس موقع پر علاقہ برنی کون کے پریفے صاحب بھی حاضر تھے۔

افتتاحی تقریب

افتتاحی تقریب کی صدارت محترم امیر صاحب نے کی۔ افتتاحی تقریب کا آغاز تلاوت کلام پاک سے کیا گیا۔ تلاوت کے بعد حضرت مسیح موعود کے عربی قصیدہ ''یا عین فیض اللہ والعرفان'' کے چند اشعار پڑھے گئے۔ بعد ازاں مکرم اکبر احمد طاہر صاحب مربی انچارج نائیجر نے آنے والے معزز مہمانوں کو خوش آمدید کہا اور ان کی تشریف آوری پر ان کا شکریہ ادا کیا۔

اس کے بعد محترم امیر صاحب نے افتتاحی خطاب فرمایا اور افتتاحی دعا کروائی۔ افتتاحی دعا کے بعد پروگرام جاری رہا اور ہمارے لوکل مشنری محمد سلیمان صاحب نے جماعت احمدیہ کا تعارف کے موضوع پر Haussa زبان میں مدلل تقریر کی۔ اس تقریر کے ساتھ افتتاحی اجلاس کی کارروائی اپنے اختتام کو پہنچی۔

اس کے بعد نماز مغرب وعشاء ادا کی گئیں اور احباب کی خدمت میں کھانا پیش کیا گیا۔ 9:30 بجے مجلس سوال و جواب کا آغاز ہوا جو رات 12 بجے تک جاری رہی۔ سوالوں کے جواب محترم امیر صاحب محترم ریاض خان صاحب مربی سلسلہ بورکینا فاسو، محترم فخر الاسلام صاحب مربی سلسلہ مارادی نے دیئے۔

دوسرا دن

دوسرے دن کا آغاز نماز تہجد سے ہوا نماز فجر کے بعد درود شریف کی اہمیت و برکات کے موضوع پر درس دیا گیا۔

اختتامی تقریب

اختتامی تقریب کا آغاز 9:15 بجے ہوا۔ اختتامی تقریب کا آغاز تلاوت کلام پاک سے ہوا۔ تلاوت کے بعد حضرت مسیح موعود کے پاکیزہ کلام میں سے چند اشعار خوش الحانی سے پڑھے گئے۔ نظم کے بعد سیرۃ النبی ﷺ کے موضوع پر تقریر محترم صدیقو سلام صاحب ممبر نیشنل مجلس عاملہ بینن نے کی۔ اس تقریر کے بعد محترم فخر الاسلام صاحب مربی سلسلہ مارادی نے تربیت اولاد کے موضوع پر تقریر کی۔ اس تقریر کے بعد نائیجر کے پہلے احمدی خالد عبداللہ صاحب نے اپنے جذبات کا اظہار کیا۔ بعد ازاں محترم ریاض خان صاحب مربی سلسلہ بورکینا فاسو نے حاضرین سے خطاب کیا۔

محترم امیر صاحب نے اختتامی خطاب فرمایا جو کہ شرائط بیعت پر مبنی تھا اختتامی خطاب کے بعد محترم فخر الاسلام صاحب نے نظم ''ہے دست قبلہ نما لاالہ الا اللہ'' کے چند اشعار پڑھے۔ آخر پر اکبر احمد طاہر صاحب نے تمام معزز مہمانوں کا جو کہ اندرون ملک و بیرون ملک سے تشریف لائے تھے شکریہ ادا کیا۔

اس جلسہ میں علاقہ کے میئر، چیف، علاقہ کے پریفے، سپرینٹنڈنٹ جیل اور ڈوگراوا کے چیف (یہ 137 دیہات کے چیف ہیں) بنفس نفیس شامل ہوئے۔ ڈوگراوا کے چیف نے نماز جمعہ ہمارے ساتھ پڑھی۔

علاوہ ان مہمانوں کے جلسہ میں 35 مقامات سے 534 افراد شامل ہوئے جن میں نومبائعین کی تعداد 122 تھی۔ جلسہ میں دور دراز علاقوں سے لوگ سفر کر کے بسوں اور ٹرکوں پر سوار ہو کر آئے۔ یہ نظارہ قابل دید تھا جب Capital نیامی اور اردگرد کے دیہات کے احباب سپیشل بس پر سوار ہو کر جلسہ گاہ پہنچے۔ اسی طرح مارادی اور اردگرد کے دیہات کے احباب سپیشل ٹرک پر سوار ہو کر جلسہ گاہ پہنچے۔ اسی طرح برنی کونی اور اردگرد کے دیہات کے احباب سپیشل گاڑیوں پر تشریف لائے۔ کم وبیش اندرون ملک سے تقریباً 700 کلومیٹر تک کا سفر کر کے بھی احباب جلسہ میں شامل ہوئے۔ بیرون ممالک میں سے بینن، برکینا فاسو اور نائیجیریا کے وفود جلسہ میں شامل ہوئے۔

نمائش و بک سٹال

